# 10608 - بیوی کوترجیح دے یا کہ والدہ کو؟

## سوال

ایک شخص کی والدہ بھی ہے اور بیوی بھی توکیا وہ خرچہ اورلباس اوردوسری ضروریات وغیرہ میں بیوی کووالدہ پرترجیح دے سکتا ہے ، اوراگروہ ایسا کرے توکیا وہ گنہگار ہوگا ؟

## پسندیدہ جواب

اگروہ والدہ کی ضروریات پوری کرنے والوں میں سے ہے اوروہ والدہ کی ضروریات کا خیال رکھتا ہے اوراسے اس کی کفایت کے لیے دیتا ہے توپھر ایسا کام کرنے سے وہ گنہگار نہیں ہوگا ۔

لیکن افضل اوربہتر یہ ہے کہ وہ والدہ کے دل کوٹھیس نہ پہنچائے بلکہ اسے خوش رکھے اوراسے ترجیح دے ، اوراگر بیوی کوترجیح دینا ضروری ہوتوپھر یہ کام خفیہ طریقے سے کرے جس کا علم والدہ کونہ ہواوروالدہ کے ساتھ بھی حسن سلوک کرتا رہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔

.